شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

12مارچ2025ء

پریس ریلیز

بی ایل اے کے دہشت گردوں کا جعفر ایکسپریس کے مسافروں کو یرغمال بنالینا انتہائی تشویش ناک ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): بی ایل اے کے دہشت گردوں کا جعفر ایکسپریس کے مسافروں کو یرغمال بنالینا انتہائی تشویش ناک ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ میڈیا اطلاعات کے مطابق یرغمال بنائے گئے سینکڑوں افراد میں عام شہری، پاک فوج کے جوان اور سیکیورٹی فورسز کے اہلکار شامل ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ رمضان المبارک کے تقدس کو پامال کرنے والے دہشت گرد صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ انسانیت کے بھی دشمن ہیں۔ اللہ تعالیٰ شہداء کی مغفرت اور زخمیوں کو شفائے کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون! امیر تنظیم نے کہا کہ کون نہیں جانتا کہ بی ایل اے کے دہشت گردوں کو بھارت کی پشت پناہی حاصل ہے۔ پھر یہ کہ ہمسایہ برادر مسلم ملک کے سیستان۔ بلوچستان صوبے میں بی ایل اے کے ٹریننگ کیمپ موجود ہیں جہاں سے پاکستانی سرزمین کو دہشت گرد نشانہ بناتے ہیں۔ ان کے فی الفور خاتمے کے لیے بھی حکومتِ پاکستان مطالبہ کرے۔ ماضی میں سی پیک پر کام کرنے والے چینی انجینئرز بھی بی ایل اے کے دہشت گردوں کا نشانہ بنتے رہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا دن دیہاڑے چلتی ٹرین کو اغوا کرکے یوں مسافروں کو یرغمال بنالینا سیکیورٹی اداروں، جن پر ملک کا زرِ کثیر صَرف ہوتا ہے، اُن کی بھی مکمل ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے اندرونی اور بیرونی دشمن بلوچستان میں امن وامان کی صورتِ حال کو بگاڑنے کے لیے اپنے دہشت گرد نیٹ ورک کا استعمال کر رہے ہیں۔ قید شدہ بھارتی جاسوس کلبھوشن جادھو بھی اسی نیٹ ورک کا حصّہ تھا اور اگر پاکستان کے خلاف جرائم پر اُسے نشانِ عبرت بنایا جاتا تو آج پاکستان زیادہ محفوظ ہوتا۔ اُنہوں نے حکومت اور مقتدر حلقوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو دہشت گردی کے خلاف پالیسی کا بھی سنجیدگی سے جائزہ لینا ہوگا کیونکہ موجودہ پالیسی سے مطلوبہ اہداف حاصل نہیں ہو پا رہے۔ لٰہذا تمام سٹیک ہولڈر سر جوڑ کر بیٹھیں اور ملک کے امن وامان کو بحال کرنے کے لیے ایک نیا لائحہ عمل بنائیں۔ آخر میں امیر تنظیم نے تمام مغوین کی باحفاظت رہائی کے لیے دعا کی۔

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: 12 March 2025

The abduction of passengers aboard the Jafar Express by BLA terrorists is an extremely alarming incident.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that, according to media reports, among the hundreds of people taken hostage are ordinary civilians, soldiers of the Pakistan Army, and personnel of the security forces. He added that the terrorists who have violated the sanctity of the blessed month of Ramadan are not only enemies of Pakistan but also enemies of all humanity. May Allah *(SWT)* grant the shuhada Jannah and complete & swift recovery to the injured. (Indeed, to Allah *(SWT)* we belong, and to Him we shall return.) The Ameer said that it is a well-established fact that the BLA terrorists are backed by India. Moreover, training camps of the BLA exist in the Sistan-Balochistan province of our neighboring brotherly Muslim country, from where terrorists are dispatched to target Pakistani territory. The Government of Pakistan must also demand the immediate dismantling of these camps. In the past, Chinese engineers working on the CPEC project have also been targeted by BLA terrorists. The Ameer emphasized that the terrorists' audacious act of hijacking a moving train in broad daylight and taking passengers hostage is clear and undeniable evidence of the complete failure of our security institutions — institutions on which a significant portion of the national budget is spent. He further pointed out that both internal and external enemies of Pakistan are employing their terrorist networks to destabilize Balochistan. He reminded that the convicted Indian spy, Kulbhushan Jadhav, was also part of this very network, and had he been made an example for his crimes against Pakistan, the country would have been more secure today. Addressing the government and the establishment, he said that Pakistan must seriously reassess its counter-terrorism policy because the current approach is failing to achieve its intended goals. Therefore, all stakeholders must urgently convene and formulate a new comprehensive strategy to restore peace and order in the country. The Ameer concluded by supplicating for the safe release of all the hostages.

Issued by:
Raza ul Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat